بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نظرات

اس شمارے میں اسلامی نظریاتی کونسل کے ممتاز فاضل جناب عبدالمالک عرفانی بیمه کی شرعی حیثیت پر اپنے افکار سے قارئین کو مستفیض کرتے ھیں ۔ بیمه عهد حاضر کے ان مسائل میں سے ھے جن کے بارے میں کوئی حکم لگانے سے پهلے مخالف اور موافق دلائل کو قرآن و سنت اور افادات علمائے امت کی روشنی میں اچھی طرح جانچنے اور پرکھنے کی ضرورت ھے ۔ فاضل مضمون نگار نے اپنے نقطه نظر کو عقلی و نقلی دلائل سے مستحکم کرنے کی پوری کوشش کی ھے ۔ تاهم ضروری نهیں که انهوں نے جو نتائج اخذ کیے ھیں ان سے کلیۃً اتفاق کیا جا سکے ۔ مسائل جدید هوں یا قدیم ، اصل شئی منشائے شریعت کو سمجھنے اور مقتضائے شریعت کو پورا کرنے کی مخلصانه اور دیانت دارانه کوشش ھے ۔ اس کوشش میں انسان نیک نیتی کے ساتھ اگر غلطی بھی کر جائے تو مضائقه نهیں ۔ آنحضورؐ کا یه ارشاد گرامی حدیث کی تقریباً ھر کتاب میں مذکور ھے که ”اگر حاکم فیصله کرتے وقت اجتهاد سے کام لے اور صحیح فیصله کرے تو وہ دو اجر کا مستحق ھے اور اگر فیصله کرتے وقت اجتهاد سے کام لے اور غلط فیصله کرے تو ایک اجر کا مستحق ھے ۔

اس شمارے کا دوسرا مضمون ادارے کے فاضل محقق ڈاکٹر ضیاء الحق کا ھے ۔ ڈاکٹر صاحب معاشیات کے متخصص ھیں اور ان کی تصنیف Landlord and peasant in Early Islam اسلامی معاشیات کے طالب علموں میں خاصی شهرت رکھتی ھے ۔ اس دفعه انهوں نے نبی اکرمؐ کے اخلاق حسنه پر قلم اٹھایا ھے ۔ یه ایک وسیع موضوع ھے ۔ لیکن بالفعل انهوں نے اپنی توجه جس نقطے پر مرکوز رکھی ھے اس سے بھی ان کے تخصص کی جھلک صاف عیاں ھے ۔ ظاھر ھے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



که اس محــدود جائزے سے اخلاق نبوی کی وہ جامع تصویر نہیں ابھر سکتی جــو نبی اکرمؐ کے اسوہ حسنہ کا مابہ الامتیاز ھے ۔

اس شمارے کا تیسرا مضمون ادارے کے رفیق سید فضل احمد شمسی کا ھے۔ اسکی پہلی قسط جنوری کے فکرونظر میں شــائع ھو چکی ھے ۔ جس میں انھوں نے ھجــرت نبوی کے تاریخ ســاز واقعــہ کی جزئیات پر اپنے مخصوص زاویے سے نظر ڈالی ھے ۔ اب وہ اس واقعے سے متعلق اختلافی روایات کا جائزہ واقعــاتی ترتیب ۔ اور تعــیین زمانی و مکانی کے تناظر میں لے رھے ھیں ۔ فاضل مقالہ نگار نے مواد کی فراھمی میں جو کاوش کی ھے اور جمع و ترتیب میں جس سلیقے سے کام لیا ھے وہ محتاج تبصرہ نہیں ۔

جنوری کا شمارہ آپ کی نظر سے گذرا ھو گا ۔ رسالے کو صــوری و معنوی محــاسن سے آراستہ کرنے اور اسکا علمی و تحقیقی معیــار بلند سے بلند تر کرنے کی جہد مسلسل ھمارے عــزم کا عنوان ھے ۔ ادارے کی جدید خودکار مشینوں پر دیدہ زیب نســخ طباعت ، بہتر آفسٹ کاغذ ، اور علمی رسائل سے تطابق رکھنے والا رخسارہ رسالے کے ظاھری حسن میں اضافہ کا باعث ھو گا ۔ ماھانہ اشاعت میں باقــاعدگی پیدا کرنے کی کوشش کی جارھی ھے ۔ نئے مستقرمیں منتقــلی کے بعد سے مطبع کی کارکردگی معمــول پر نہیں آ سکی ۔ علمی و تحقیقی رســالوں کے لئے معیــاری مقالات کا حصول ایک الگ مسئلہ ھے ۔ ھمــارے اس فیصلہ کے بعد کہ فکرونظر کو بھی ادارے کے انگریزی و عربی مجلات کی طرح ایک تحقیقی پرچے کی حیثیت دے دی جــائے یہ مسئلہ زیادہ گھــبیر ھــو گیا ھے ۔ اس سلسلے میں ارباب عــلم و فکر سے خصــوصی تعاون کی درخواست ھے ۔

بیسیوں مسائل ھیں جو اسلام کو عصر حــاضر میں ایک زندہ و متحرک اور عمــلی ضابطۂ حیات کی حیثیت سے پیش کرنے کے متقاضی ھیں اور اس فریضہ کی سرانجام دھــی مسلمانوں کے اھل علم طبقہ کے ذمہ خداوند قــدوس و کریم اور نبی رحمۃ للعالمین کا قرض ھے ۔ نیک نیتی پر مبنی اختلاف رائے " اختلاف امتی رحمــۃ " کے مصداق فکروعمل کی راھیں کھولتا ھے اور ادارہ قــرآن کریم کی اس دعــوت کو جو ( افلا تعقلون ) اور ( افلاتتفکرون ) کی ندائے ربانی میں مضمر ھے قبول کرنے والوں کا دلی خیر مقدم کرے گا ۔

فروری کے پرچے کے ساتھ مارچ کا پرچہ بھی انشاء اللہ اس مــاہ کے آخــر

تک قارئین کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا ۔ جنوری کے شمارہ میں طباعت کی بعض فاش اغلاط رہ گئیں جن کے لئے ہم معذرت خواہ ہیں ۔ ہماری کوشش ہو گی کہ آئندہ اس کا اعادہ نہ ہو ۔

ادارہ کے ممتاز فاضل اور فکرونظر کے سابق مدیر ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی اس ماہ سے فکرونظر کی مجلس ادارت میں شامل ہو رہے ہیں ۔ یہ بات بذاتہ ہمارے لئے باعث تقویت ہے ۔

( ادارہ )

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# بیمہ کی شرعی حیثیت

عبدالمالک عرفانی

بیمہ کی شرعی حیثیت سے متعلق فکر و نظر کے شمارہ اکتوبر ۱۹۸۳ ء میں حافظ محمد یونس صاحب کا ایک تحقیقی مقالہ پیش کیا گیا تھا ۔ اسی موضوع پر اسلامی نظریاتی کونسل کے ایک فاضل رکن جناب عبدالمالک عرفانی صاحب کا مقالہ موصول ہوا ہے جو قارئین کے استفادے کیلئے پیش خدمت ہے یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے اس موضوع پر دوسرے اہل علم اپنی تحقیقات کا ابلاغ چاہیں تو فکر و نظر کے صفحات حاضر ہیں ۔ ( ادارہ )

بیمہ تعاون و تکافل کا ایک ایسا نظام ہے جو خطرات اور مصائب کے ضرائر کے ذریعے پہنچنے والے نقصانات کی تلافی کی ضمانت لیتا ہے ۔ اس مقصد کے لئے تمام بیمہ دار مل کر مقررہ اقساط کے ذریعے ایک مشترکہ فنڈ قائم کرتے ہیں ۔ فقہاء نے جن عقود پر بحث کی ہے ، ان میں عقد بیمہ شامل نہیں ہے، لیکن شرع اسلام صرف انہی عقود میں محصور نہیں جو کتب فقہ میں پائے جاتے ہیں ، بلکہ زمانے کی ترقی کے ساتھ ساتھ جو نئے نئے عقود سامنے آئیں گے شریعت ان کو اپنا سکتی ہے ۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو اسلامی فقہ کا حرکیاتی عمل مسدود ہو جائے گا اور یہ دعوی کہ " شریعت اسلامیہ ہر زمانے کے مسائل کو حل کرتی ہے " غلط ثابت ہو جائے گا ۔ اسلامی نظام کے دوامی استقرار کا راز اس میں مضمر ہے کہ تمام ازمنہ و اماکن کے تمام احوال و ظروف کے تقاضوں کے پیش نظر اس میں تبدیلی قبول کرنے کی صلاحیت موجود ہو اور وہ ابتدائی چند صدیوں کے احوال و ظروف کے ساتھ جامد ہو کر نہ رہ جائے ۔

علمائے کرام عموماً ہر نئے معاملے کو قدیم فقہ کی چاردیواری میں لا کر اسے کسی نہ کسی خانے میں منطبق کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اگر اس طرح انطباق نہ ہو سکے تو اسے ناجائز قرار دے دیتے ہیں ۔ ابتداء میں بیع الوفاء کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاملے میں بھی ایسا ہی کیا گیا تھا لیکن آخرکار اسے ایک جدید اور جائز عقد کے طور پر تسلیم کر لیا گیا ۔ یہی رویہ بیمہ کے بارے میں اختیار کیا جا رہا ہے ۔ چنانچہ بعض علماء نے معاہدہ بیمہ کو معاہدہ بیع سمجھ کر بیع کی شرائط پر منطبق کرنا چاہا اور ایسا انطباق نہ ہونے پر حرام قرار دے دیا۔ بعض علماء نے اسے کفالہ کا معاملہ تصور کیا لیکن کفالہ کی شرائط پوری نہ ہونے کی وجہ سے بیمہ کو خلاف شریعت تصور کیا ۔ عقد بیمہ کی خصوصیات اور اس کے عمل پر ایک نظر ڈالیں تو یہ فقہی عقود کے کسی خانے میں منطبق نہیں ہوتا ، اسلئے اسے بالکل ایک جدید عقد قرار دیں تو مناسب ہو گا ، البتہ اس کے بعض پہلو دیگر عقود کے بعض پہلوؤں سے مشابہت رکھتے ہیں ۔

بیمہ شریعت اسلامیہ کے حسب ذیل مقاصد پورے کرتا ہے ۔

۱ ۔ شریعت کا ایک اہم اصول" الضرر یزال" ہے ۔ بیمہ کے ذریعے جان و مال کو پہنچنے والے ضرر کی تلافی اس طرح کی جاتی ہے کہ تلافی کرنے والا بھی نقصان میں نہیں رہتا اور متضرر کو جو ضرر پہنچتا ہے اس کا نعم البدل (بصورت تلافی ء ضرر ) مل جاتا ہے ۔

۲ ۔ خوف سے امن دلانا شریعت کے بنیادی مقاصد میں سے ہے ۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے ۔

فآمنهم من خوف ( سورة القريش : ۴ )

( اور ان کو خوف سے امن دیا )

فمن تبع هدای فلا خوف علیهم ولا هم یحزنون ( سورة البقره : ۳۸ )

( پس جس نے میری ہدایت کا اتباع کیا اسے نہ خوف ہو گا اور نہ حزن ) ۔

معاملات میں خوف اور حزن اس طرح دور کیا جا سکتا ہے کہ متوقع ضرر کی تلافی کی ضمانت مل جائے یہ صورت بیمہ کے ذریعے بدرجہ اتم ممکن ہے ۔ آج کل ہر قسم کے سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جاتا ہے ۔ اس سامان کا بیمہ کرا کے فریقین نقصان کے خوف سے نجات پالیتے ہیں اور حادثات کے ذریعے ہونے والے نقصانات کے خطرات و عواقب سے بےخوف ہو جاتے ہیں ۔

۳ ۔ شریعت اسلامیہ اجتماعی زندگی میں تعاون و تکافل پر بہت زور دیتی ہے۔ بیمہ تعاون و تکافل کی ایک قانونی اور منظم شکل ہے ، جس کے ذریعے ہزاروں بلکہ لاکھوں افراد ایک دوسرے کے نقصانات کی تلافی کے لئے ایک نظام کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تحت کام کرتے ھیں ۔

۴ ۔ شریعت حاجت کو بہت اھمیت دیتی ھے چنانچہ حاجت کو ضرورت کا قائم مقام قــرار دیا گیا ھے ۔ اور ضرورت ممــنوع امور کو مباح بنا دیتی ھے ۔ بیمہ لاکھوں افراد کی مشکلات خــتم کرتا یا کم کرتا ھے اور خطــرات کو دور کرنے یا کم کرنے کی حاجت کـو پــورا کرتا ھے ۔

اس طرح بیمہ شریعت اسلامیہ کے ان عظیم مقاصد کی تکمیل میں انتہائی اھم کردار ادا کرتا ھے ، اسلئے بیمہ کرنا اور کرانا شرعاً مباح ھے ۔

بیمہ پر جــو اعتراضات کئے جاتے ھیں وہ چند غلط فہمیوں کی وجہ سے پیدا ھونے ھیں ۔ یہاں ان اعتراضات کا جائزہ لیا جاتا ھے ۔

**پہلا اعتراض : بیمہ قــمار ھے ۔**

بیمہ ایک تعــاونی تنــظیم ھے جــو اپنے اراکــین ( بیمہ داروں ) سے اس قــدر معمولی رقــوم یک مشت یا بالاقســاط لے کر جمع کرتی ھے ( جسے قسط یا اقســاط بیمــہ کہتے ھیں ) جــو ان اراکین پر بار نہ ھوں۔ یہ تنظیم ( بیمــہ کمپنی ) اپنے ان اراکین کو مختلف خطرات سے اس طرح امان یا تحفظ مہیا کرتی ھے کہ جس رکن کے جان یا مــال کــو نقصان پہنچے اسے مقــررہ قاعدوں، طریقوں ، اندازوں اور پیمانوں سے اس نقصان کی تلافی کے طــور پر ایک رقــم دی جاتی ھے ( اسے رقم بیمہ کہہ ســکتے ھیں ) ۔ یہ تنظیم فنی طور پر اس طرح متشکل کی جاتی ھے کہ بےشــمار اراکین کے ایک دوسرے کو نہ جاننے اور نہ پہچاننے کے باوجــود تعــاون و تکافــل کا نظام اس طرح بحسن و خــوبی اور ھموار طریقے سے جاری رھتا ھے کــہ نہ تــو اراکــین کــو کــوئی نقصان ھــوتا ھے بلکــہ وہ حسب قواعــد ھر صــورت میں تحفظ حاصل کرتے ھیں اور اس تحفظ سے محــروم نہــیں ھوتے اور نہ اس تنظیــم کو کــسی قــسم کا خســارہ برداشت کرنا پڑتا ھے کیونکہ اراکین کی دی ھوئی رقــوم جمع کر کے کاروبار میں لگائی جاتی ھیں اور یوں یہ فنــڈ بڑھتــا رھــتا ھے ۔ لہذا اس تعاونی و تکافلی نظام کو قــمار کہنا کسی طرح بھی درست نہیں ۔ بیمہ اور قمــار مندرجہ ذیل وجــوھــات کی بنا پر بالکل مختلف چیزیں ھیں ۔

۱ ۔ قــمار ایک کھیل ھے اور اس میں جو شخص شریک ھوتا ھے وہ کھیل کے جــذبے سے شریک ھوتا ھے ۔ روپیہ حــاصل کرنا ایک ثانوی مقصــد ھوتا ھے ۔ حصول دولت اولین مقصــد ھو تو بھی کھیل کے ذریعے پورا کیا جاتا ھے ، جبکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیمہ کسی طور پر کھیل نہیں اور نہ ھی اسے کبھی کھیل کے طور پر استعمال کیا گیا ۔

۲ ۔ قمار تضییع اوقات کا باعث ھے جبکہ بیمہ میں تضییع اوقات کا سوال ھی پیدا نہیں ھوتا ، بلکہ یہ وقت کی بچت کا ایک ذریعہ ھے ۔

۳ ۔ قمار میں کسی فریق کو ضرر پہنچے تو اس کی کسی طریقے سے تلافی نہیں کی جاتی ۔ چنانچہ ھارنے والا فریق اپنی رقم ھاتھ سے دھو بیٹھتا ھے اور مزید بھی کچھ نہیں ملتا ۔ بیمہ میں جس فریق کے جان یا مال کو نقصان پہنچتا ھے ، اس کی مقررہ حد تک تلافی کر دی جاتی ھے ۔

۴ ۔ قمار میں خطرہ عموماً فریقین کے عمل سے پیدا ھوتا ھے جبکہ بیمہ میں فریقین کے عمل سے خطرہ پیدا نہیں ھوتا ، بلکہ خطرہ خارجی طور پر پہلے سے موجود ھوتا ھے اور عقد بیمہ کے تحت فریقین کے باھمی تعاون و تکافل سے اس خطرہ سے تحفظ و امان حاصل کیا جاتا ھے ۔ یہ امر قابل ذکر ھے کہ عقد بیمہ کے بعد فریقین کے کسی عمل سے خطرہ واقع ھو جائے تو عقد بیمہ ناقابل نفاذ قرار پاتا ھے ۔ اس سے صاف ظاھر ھے کہ بیمہ کی قمار سے دور کی بھی مماثلت نہیں ۔

اگر خطرہ سے مراد یہ لیا جائے کہ اقساط کی رقم ڈوب جانے کا خطرہ ھے تو یہ صورت بھی معاھدہ بیمہ کے بطلان کا باعث نہیں کیونکہ رقم ڈوبتی ھی نہیں بلکہ تحفظ و امان کی شکل میں تبدیل ھو جاتی ھے ۔ علاوہ ازیں جب مضاربت ، استصناع ، سلم ، شراکت اور مزارعت میں خطرہ موجود ھونے کے باوجود ان عقود کو جائز تصور کیا جاتا ھے ۔ تو بیمہ کو بھی جائز تصور کیا جا سکتا ھے ۔

۵ ۔ قمار کے عمل میں تعاون و تکافل کا شائبہ تک نہیں ھوتا بلکہ دونوں فریق ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے کے در پے ھوتے ھیں ۔ کوئی فریق دوسرے کو تحفظ ، امان ، ضمان یا معاوضہ دینے کا وعدہ نہیں کرتا جبکہ بیمہ کا پورا نظام تعاون و تکافل پر چلتا ھے اور اس میں ھر فریق دوسرے کو نقصان پہنچانے کے بجائے اس کی مالی مدد کرتا ھے ۔ معاھدہ کی ابتدا ھی دوسرے کو نقصان کے خوف سے امان دینے سے ھوتی ھے ۔ لہذا بیمہ قمار سے مشابہت نہیں رکھتا ۔

۶ ۔ قمار کے معاھدہ میں فریقین ایک دوسرے کو نقصان سے بچانے کا معاھدہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہیں کرتے بلکہ مفہوم کے اعتبار سے ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے کا معاہدہ کرتے ہیں ، جبکہ بیمہ میں صورت حال بالکل الٹ ہے کیونکہ اس میں نقصان کی تلافی کا معاہدہ کیا جاتا ہے۔

۷۔ کہا جاتا ہے کہ ہر وہ عقد جو کسی حادثہ کے وقوع پذیر ہونے پر معلق رکھا جائے قمار ہے۔ چونکہ بیمہ میں ایسا ہی ہوتا ہے اسلئے بیمہ قمار ہے۔ یہ اعتراض درست نہیں کیونکہ معاہدہ بیمہ تعاون و تکافل کا معاہدہ ہے اور اس سلسلے میں جو رقوم دی جاتی ہیں ان کی حیثیت تبرع کی ہے۔ تبرعات میں تعلیق معاہدہ کے بطلان کا باعث نہیں بنتی۔ تبرع نہ ہو تو بھی تعلیق کے باوجود معاہدات لازم قرار پاتے ہیں جیسا کہ مجلہ احکام عدلیہ میں ہے۔

المواعید باکتساب صور التعالیق تکون لازمة ( مجلة : مادہ ـ ۸۴ )

( معلق وعدوں کی تکمیل لازمی ہے )

تکون الکفالة بالوعد المعلق ایضاً ( مجلة : مادہ ـ ٦۲۳ )

( کفالت وعدہ معلق سے بھی صحیح ہو جاتی ہے )

معاہدہ ، مضاربت ، معاہدہ استصناع ، معاہدہ بیع سلم اور معاہدات قرض ، ایداع ، شراکت ، اعارہ ، رهن ، اجارہ ، کفالہ اور مزارعت میں تعلیق کا وجود پایا جاتا ہے ، اس کے باوجود انہیں جائز سمجھا گیا ہے۔ لہذا بیمہ کو محض تعلیق کی وجہ سے باطل قرار نہیں دیا جا سکتا۔

۸ ـ معاہدہ بیمہ میں جو چیز بیمہ ( Insure ) کرائی جاتی ہے وہ بیمہ دار کا قابل بیمہ مفاد ( Insureable interest ) ہے ، جسے قسط بیمہ (Premium ) کی رقم محفوظ کرتی ہے مثلاً زندگی کے بیمہ میں زندگی اور مال کے بیمہ میں مال قابل بیمہ مفاد ہے ، جبکہ قمار میں کسی فریق کا کوئی ایسا مفاد نہیں ہوتا جسے قمار میں لگائی ہوئی رقم محفوظ کرتی ہو۔ یہ فرق بیمہ اور قمار میں بعدالمشرقین پیدا کر دیتا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ زندگی کے بیمہ میں رقم بیمہ ہر حالت میں ضرور ملتی ہے جبکہ قمار میں ایسا نہیں ہوتا ۔ اسی طرح اموال کے بیمہ میں اگر ایک مخصوص مدت میں مقررہ واقعہ پیش آ کر مال ضائع ہو تو اس کی تلافی ضرور کی جاتی ہے ۔ گویا دونوں صورتوں میں بیمہ دار سو فیصد یقینی طور پر نقصان سے محفوظ ہے ، جبکہ قمار کی صرف ایک صورت محفوظ ہے اور یہ صورت غیر یقینی ہے لہذا بیمہ کی محفوظ صورت کو قمار کی غیر محفوظ صورت سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئی مماثلت نہیں ۔

۹ ۔ بیمہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ غیر یقینی واقعہ کی بنیاد پر بیمہ کیا جاتا ہے اسلئے یہ قمار ہے ۔ یہ نقطہ نظر غلط فہمی بلکہ مغالطہ پر مبنی ہے ۔ اصل سوال یہ ہے کہ قابل بیمہ مفاد ( Insurable interest ) یقینی طور پر حاصل ہو جاتا ہے یا نہیں ہوتا ۔ حقیقی صورت حال یہ ہے کہ اگر وہ غیریقینی واقعہ ظہور پذیر ہو تو مقررہ رقم تلافی کی صورت میں مل جاتی ہے اور اگر وہ غیریقینی واقعہ ظہور پذیر نہ ہو تو نتیجۃً بیمہ دار کو کوئی نقصان نہیں پہنچا یعنی قابل بیمہ مفاد محفوظ رہا اسلئے تلافی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ گویا ہر صورت میں بیمہ دار کا مفاد محفوظ رہا ۔ جہاں تک بیمہ کمپنی کا تعلق ہے ، اگر وہ غیریقینی واقعہ ظہور پذیر نہ ہو تو اسے کچھ دینا ہی نہیں پڑتا لیکن وہ غیریقینی واقعہ ظہور پذیر ہو تو بیمہ کمپنی بیمہ دار کے نقصان کی تلافی اس مجموعی رقم ( pool ) سے کر دیتی ہے جو اس مقصد کے لئے بیمہ داروں نے جمع کر رکھی ہوتی ہے ۔ گویا بیمہ کمپنی ( بیمہ کنندہ ) بھی دونوں صورتوں میں نقصان نہیں اٹھاتی ۔ اس کے مقابلے میں قمار میں کسی ایک فریق کو لازماً نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔ لہذا بیمہ کے معاہدہ کو قمار پر قیاس نہیں کیا جا سکتا ۔

۱۰ ۔ بیمہ کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اموال کے بیمہ میں بیمہ دار جو اقساط ادا کرتا ہے ۔ خطرہ واقع نہ ہونے کی صورت میں وہ اقساط ضائع جاتی ہیں اور بیمہ دار کو واپس نہیں ملتیں ، لہذا یہ قمار کی صورت پیدا ہو گئی ۔ یہ نقطہ نظر بھی غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ بیمہ میں صورت عقد دراصل عقد تلافی مافات ہے یعنی جو نقصان ہوا اس کی تلافی کی جائے گی ۔ اگر بیمہ ایک سال کا تھا تو ایک سال کے اندر اندر جو نقصان ہو گا بیمہ کمپنی نے اسے پورا کرنے کا وعدہ کیا اور پھر پورا سال مال کے مالک کو تحفظ دیا یعنی نقصان کے خوف سے نجات دلائے رکھی ۔ گویا اقساط بیمہ ضائع نہیں ہوئیں بلکہ تحفظ ملا رہا ۔ یہ اسلئے ہوا کہ بیمہ کے نظام تعاون و تکافل میں تمام بیمہ داروں نے مل کر عرفاً یہ معاہدہ کیا تھا کہ ایک سال میں کسی بیمہ دار کو نقصان پہنچا تو قسط بیمہ ( premium ) کے طور پر جمع شدہ رقم میں سے اس نقصان کی تلافی کی جائے گی اور اگر نقصان نہ پہنچا تو قسط کے طور پر دی ہوئی رقم واپس نہیں ہو گی بلکہ اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طرح کسی اور نقصان اٹھانے والے کی تلافی میں دی جائے گی ۔ چونکہ یہ رقم تعاون و تکافل کے طور پر دی گئی تھی اسلئے واپس نہیں ہو گی ۔ لہذا اموال کے بیمہ میں قمار نہیں ہوتا ۔

بیمہ میں اس سے الٹ صورت بھی ہوتی ہے یعنی چند ایک اقساط ادا کرنے کے بعد نقصان واقع ہو جائے یا بیمہ دار مر جائے تو نہ صرف بیمہ دار کو یا اس کے نامزد شخص کو بیمہ کی پوری رقم ادا کی جاتی ہے بلکہ مزید اقساط وصول نہیں کی جاتیں ۔ بعض لوگ اسے اس لحاظ سے قمار کہتے ہیں کہ بیمہ کمپنی کو بالکل معمولی رقم کے بدلے میں ایک خطیر رقم دینا پڑتی ہے ۔ دراصل بیمہ کمپنی کو ایک فرد شمار کر کے معاهدہ بیمہ کی شرعی حیثیت پر غور کرنا ہی درست نہیں ، کیونکہ یہ مشترکہ فنڈ بیمہ داروں نے تھوڑی تھوڑی رقمیں جمع کر کے قائم کیا ہوتا ہے اور وہ عرفاً باہمی معاهدہ کے تحت تعاون و تکافل اور تبرع کے طور پر مرنے والے یا نقصان اٹھانے والے فریق ( جس نے خود بھی دوسروں کے ساتھ مل کر ایک معمولی سی رقم ادا کی ہوتی ہے ) کو بیمہ کی رقم دے دیتے ہیں ۔ بیمہ کمپنی محض ان کے ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے ۔

دراصل معاهدہ بیمہ کی روح یہ ہے کہ قسط بیمہ ( Premium ) کی رقم بیمہ دار کے لئے تحفظ و امان کی صورت اختیار کر لیتی ہے جو بیمہ دار کو لازماً مہیا کیا جاتا ہے ، اسلئے اقساط بیمہ کی واپسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ نقصان واقع نہ ہونے پر بھی تحفظ و امان تو لازماً میسر ہوا ۔ معاهدہ بیمہ میں قسط بیمہ کی واپسی شرط نہیں ہوتی بلکہ نقصان کی تلافی ( یعنی نقصان سے تحفظ ) شرط ہوتی ہے جو بہر صورت پوری ہوتی ہے ۔ اگر رقم بیمہ قسط بیمہ کی رقم سے زائد ہے تو تمام بیمہ داروں کی طرف سے تعاون ، تکافل اور تبرع کے طور پر ہے اور اگر بیمہ دار نے قسط یا اقساط بیمہ ادا کیں لیکن اسے رقم بیمہ نہیں ملی ( کیونکہ اسے کوئی نقصان نہیں ہوا ) تو اس کی طرف سے ادا شدہ رقم تعاون و تکافل اور تبرع کے طور پر دیگر بیمہ داروں کے لئے تصور کی جائے گی ۔ ان حالات میں اقساط بیمہ کی عدم واپسی اور رقم بیمہ کی ادائیگی کی دونوں صورتیں قمار کی صورتیں نہیں ہیں ۔

۱۱ ۔ قمار میں هار جیت کے فیصلے سے قبل دونوں فریق شکست یا نقصان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے خوف میں مبتلا رہتے ھیں اور فیصلے کے بعد ھارنے والا فریق حزن میں مبتلا ھو جاتا ھے ، جبکہ بیمہ میں دونوں فریق اپنی جگہ مطمئن اور خوف و حزن سے آزاد رہتے ھیں ، کیونکہ پہلے سے ھی ھر فریق کو علم ھوتا ھے کہ کسی فریق کو نقصان برداشت نہیں کرنا پڑے گا ۔ اس طرح بیمہ خوف و حزن کو ختم کرتا اور سکون ، اطمینان اور امن پیدا کرتا ھے ۔ اسلامی احکام کا اصل منشاء بھی یہی ھے ، جیسا کہ قرآن کریم کا ارشاد ھے ۔

فمن تبع ھدای فلا خوف علیھم ولاھم یحزنون ( البقرہ ـ ۳۸ )

( پس جس نے میری ھدایت کا اتباع کیا اسے نہ خوف ھو گا اور نہ حزن)

گویا جو عقد اس قدر سکون ، اطمینان اور امن پیدا کرے اور خوف و حزن دور کرے وہ عین رضائے الٰہی کے مطابق ھے ۔ اگر زندگی کے ھر شعبہ میں بیمہ رائج کر دیا جائے تو معاشرہ میں سکون واطمینان کی ایسی لہر دوڑ جائے گی جس کی پورے معاشرے کو سخت ضرورت ھے اور جو اسلام کے نظام حیات کا مقصود ھے ۔

۱۲ ـ قمار کی ایک بڑی خصوصیت یہ ھے کہ معاشرتی و دینی لحاظ سے خرابیاں پیدا کرتا ھے ۔ قرآن کریم نے اس کے متعلق فرمایا ھے ۔

انما یرید الشیطٰن ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضآء فی الخمر والمیسر ویصد کم عن ذکر اللہ وعن الصلوۃ ( المائدہ : ۹۱ )

( شیطان یہ ارادہ رکھتا ھے کہ خمر اور میسر کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت اور بغض پیدا کرے اور تمہیں اللہ کی یاد سے اور صلوۃ سے روکے )

مندرجہ بالا آیت میں قرآن کریم نے میسر ( قمار ) کو ممنوع قرار دینے کی جو علت بیان کی ھے وہ حسب ذیل امور پر مشتمل ھے ۔

ا ـ قمار لوگوں میں عداوت اور بغض پیدا کرتا ھے ۔

ب ـ قمار اللہ کی یاد سے روکتا ھے ۔

ج ـ قمار صلوۃ سے روکتا ھے ۔

قرآن کریم کی مندرجہ بالا آیت پر غور کرنے سے پتہ چلتا ھے کہ انھی تین خصوصیات کی بنا پر قمار کو ممنوع قرار دیا گیا ۔ بیمہ میں یہ تینوں برائیاں موجود نہیں ۔ لہذا بیمہ میں قمار کی دیگر صفات خواہ کس قدر موجود ھوں انھیں نظر انداز کیا جائے گا کیونکہ خود اللہ نے انھیں نظر انداز کیا ھے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ کہنا درست نہیں کہ اس دلیل کی بنا پر اگر کوئی نشہ آور مشروب لوگوں میں عداوت پیدا نہ کرے اور ذکر اللہ اور صلوۃ سے نہ روکے تو اسے جائز تصور کیا جائے گا ۔ درحقیقت نشہ آور مشروب سے یہ تینوں نتائج نشہ ( سکر ) کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو واضح الفاظ میں ” کل مسکر حرام “ کہنا پڑا تاکہ یہ امر واضح ہو جائے کہ اصلاً ممنوع نشہ ہے ۔ قمار کے بارے میں اس طرح کی وضاحت مذکور نہیں ۔ علاوہ ازیں نشہ سے قرآن کریم کے بیان کردہ نتائج لازماً پیدا ہوتے ہیں اور کسی ایک معاملے میں بھی ایسا نہیں ہوتا کہ نشہ میں آ کر کوئی شخص ذکر اللہ سے غافل نہ ہوا ہو ، جبکہ قمار میں یہ صورت نہیں ۔ لہذا قمار کے معاملے میں صرف قرآن کی بیان کردہ برائیوں کو ہی سامنے رکھ کر قیاس کرنا پڑے گا ۔ اور جب ہم قمار کی ان خصوصیات کے پیش نظر بیمہ پر نظر ڈالتے ہیں تو بیمہ میں ہمیں یہ خصوصیات نظر نہیں آتیں ۔ لہذا بیمہ کو قمار قرار دے کر حرام بنا دینا قرآن کی اس آیت کے مفہوم کے خلاف ہے اور ضرورت ، حاجت ، مصالح عامہ ، خوف و حزن سے تحفظ اور عرف کو پس پشت ڈالنا ہے اور دین میں تشدد اور تعسر کے مترادف ہے اسلئے عنداللہ ناپسندیدہ ہے ۔

سورۃ المائدہ کی مندرجہ بالا آیت میں میسر ( قمار ) کو ممنوع قرار دینے کی جو علت بیان کی گئی ہے وہ حتمی ہے اور اگر کوئی اور علت ہوتی تو اسے بھی بیان کر دیا جاتا ۔ اصول فقہ کی رو سے حکم فقہ علت کے ساتھ وجوداً وعدماً گردش کرتا ہے مثلاً قرآن کریم میں رمضان میں روزہ کے افطار اور صلوۃ میں قصر کے لئے سفر کو علت بتایا گیا ہے جبکہ اس رعایت کی حکمت مشقت ہے ۔ اب اگر سفر پر از راحت ہو اور حکمت کا تقاضا ہو کہ روزہ افطار نہ کیا جائے یا صلوۃ میں قصر نہ کیا جائے تو بھی حکمت کا تقاضا اس رعایت کو ختم نہیں کر سکتا ۔ اسی طرح کسی مزعومہ حکمت کے پیش نظر کسی مباح عقد کو ممنوعات کے دائرے میں داخل نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اپنی طرف سے کسی علت کا اضافہ کر کے کسی جائز کام کو ناجائز بتایا جا سکتا ہے ۔

اگر اس طرح کی فقہی پابندیوں سے مباحات کا دائرہ تنگ سے تنگ کیا جاتا رہا تو معاشرہ کا معاشی ، معاشرتی اور تمدنی ارتقاء رک جائے گا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ھی مواقع کے لئے فرمایا ھے کہ —
یسروا ولاتعسروا وبشروا ولاتنفرّوا ( بخاری ۔ کتاب العلم )
( آسانی مہیا کرو ، تنگی پیدا نہ کرو اور بشارت دو ، نفرت نہ دلاؤ )
اور فقہاء نے ایسی ھی صورت حال کے لئے تجویز کیا ھے کہ —
اذا ضاق الامر اتسع ( مجلہ احکام عدلیہ : مادہ ۔ ۱۸ )
( جب معاملہ تنگ ھو جائے تو وسعت مہیا کی جاتی ھے )

الغرض بیمہ میں قمار کا کوئی عنصر شامل نہیں اور اس میں قمار کی کوئی خلاف شرع خصوصیت موجود نہیں ۔

**دوسرا اعتراض : بیمہ میں غرر پایا جاتا ھے ۔**

اعتراض یہ ھے کہ بیمہ میں غرر کا عنصر پایا جاتا ھے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرمائی ھے ( نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع الغرر )

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ ممانعت بیع سے تعلق رکھتی ھے اور غرر کی تمام تعاریف مبیع اور ثمن کے گرد گھومتی ھیں ۔ لیکن فقہاء نے غرر کا اطلاق بیع سے مماثلت رکھنے والے عقود پر بھی کیا ھے ۔ اور بیمہ پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ھے ، حالانکہ بیمہ پر اس کا اطلاق ممکن ھی نہیں۔

معاھدہ بیمہ میں بیمہ دار اور بیمہ کمپنی دونوں فریقوں کو معاھدہ کے موقع پر مندرجہ ذیل امور کا یقینی طور پر علم ھوتا ھے ۔

۱ ۔ قسط کی رقم
۲ ۔ زندگی کے بیمہ میں رقم بیمہ
۳ ۔ دیگر اقسام بیمہ میں رقم بیمہ کی آخری حد ( رقم بیمہ یا تلافی مافات کی مقدار معلوم کرنے کی ضرورت ھی نہیں پڑتی اسلئے اس کا عدم علم غرر نہیں کہلایا جا سکتا )
۴ ۔ بیمہ دار کے لئے تحفظ یا امان ( اسلئے رقم بیمہ کے وجود یا حصول کا عدم علم خارج از بحث ھے )

گویا معاھدہ بیمہ میں جن امور کا علم ھونا ضروری ھے وہ فریقین کے علم میں ھوتے ھیں ۔ باقی امور کا علم یا عدم علم غیر ضروری ، غیر مطلوب اور معاھدہ بیمہ کی شرائط سے زائد چیز ھے ۔ اسلئے ان کا عدم علم غرر نہیں کہلایا جا سکتا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ کہنا کہ بیمہ کسی واقعہ غیریقینی کے ظہور پذیر ہونے پر واجب الادا ہوتا ہے اور یہ غرر ہے ، درست نہیں ۔ بیع میں اصل چیز ( Subject of sale ) مبیع ہے جو غیریقینی ہو تو غرر واقع ہوتا ہے ، لیکن بیمہ میں اصل چیز ( Subject of insurance ) قابل بیمہ مفاد ہے ( نہ کہ غیریقینی واقعہ ) جو ہر صورت میں ( خواہ وہ غیریقینی واقعہ ظہور پذیر ہو یا نہ ہو ) فریقین کے علم میں ہوتا ہے اور محفوظ رہتا ہے ، اسلئے اس میں کسی قسم کا غرر نہیں پایا جاتا ۔ اگر وہ غیریقینی واقعہ یقینی ہوتا تو بیمہ کا معاہدہ غیرضروری ہوتا اور بیمہ کا کاروبار موجود ہی نہ ہوتا ، بلکہ کہنا چاہیے کہ وہ غیریقینی واقعہ ہی بیمہ کی وجہ بنتا ہے،

جبکہ بیع میں مبیع کی لاعلمی یا اس کے بارے میں شک معاہدہ بیع کی وجہ نہیں بنتا بلکہ معاہدہ بیع کے کالعدم ہونے کی وجہ بنتا ہے ۔ لہذا نظریہ غرر کا اطلاق معاہدہ بیع پر تو یقیناً ہوتا ہے لیکن معاہدہ بیمہ پر نہیں ہوتا

بیمہ میں غرر کا وجود خواہ مخواہ فرض کیا جاتا ہے اور اس سلسلے میں غرر کی علت اور حکمت فراموش کر دی جاتی ہے ۔ ممانعت غرر کی وجہ یہ ہے کہ تسلیم و تسلم ناممکن یا مشکل ہو جاتا ہے یا تنازع پیدا ہوتا ہے،

چنانچہ اگر کسی معاہدے میں غرر کے باوجود تسلیم و تسلم مقررہ و موعودہ اوقات پر ممکن ہو تو غرر کی وجہ ( علت و حکمت ) موجود نہیں ہوتی اسلئے غرر ناجائز نہیں رہتا ۔ بیمہ میں مبینہ ( alleged ) غرر بیمہ کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالتا اور فریقین میں کوئی تنازع پیدا نہیں کرتا ۔ جب اس مبینہ غرر سے کوئی ضرر ، رکاوٹ ، دیر اور تنازع پیدا نہیں ہوتا تو خواہ مخواہ اور حکمت غرر کو نظر انداز کر کے بیمہ جیسی مفید چیز ( جو حاجت بن چکی ہے ) کو ناجائز قرار دینا اور خطرات و حادثات کے ممکنہ نقصانات کے خوف سے امن کو پھر خوف میں بدلنا اور ملکی و بین الاقوامی تجارت کے عمل کو روکنے کا سبب پیدا کرنا کسی طرح بھی شرعاً محمود و مطلوب نہیں ۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ بیمہ میں غرر کا شبہ اسلئے پیدا ہوتا ہے کہ معاہدہ بیمہ کے ایک لازمی رکن یعنی تحفظ یا امان کی فراہمی کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے ۔ یہ تحفظ یا امان معاہدہ ہوتے ہی فراہم ہو جاتا ہے لیکن حق تصنیف یا ایجاد اور کاروباری شرکت ( Good will ) کی طرح اسے بھی علماء نے غیرمادی قرار دے کر معاہدات کی قلمرو سے نکال دیا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیمہ میں اگر غرر ہو بھی تو اسے برداشت کیا جا سکتا ھے ، کیونکہ بیمہ معاھدہ معاوضہ نہیں بلکہ معاھدہ تبرع ھے ، جیسے کفالہ ( جس سے بیمہ کافی حد تک مشابہت رکھتا ھے ) مکفول بہ کی جہالت کے باوجود درست ھوتا ھے مثلاً ایک شخص دوسرے کو یہ کہے ۔

انا کفیل بکل ماتبیعہ لفلان ( مجلہ احکام عدلیہ : مادہ ـ ٦٤٠ )

( تم جو کچھ اس کے ھاتھ فروخت کرو گے میں اس کی قیمت کا کفیل ھوں )

بفرض محال بیمہ کو معاھدہ معاوضہ تصور کیا جائے تو بھی اس میں غرر کو برداشت کیا جا سکتا ھے جیسے فقہاء نے بعض معاھدوں میں اسے برداشت کیا ھے مثلاً مضاربت میں ( بیمہ کو طرح ) نفع یا نقصان میں سے کسی کا یقینی علم نہیں ھوتا ۔ یہی صورت مزارعت میں واقع ھوتی ھے جس میں نفع و نقصان کا انحصار قدرتی عوامل و حوادث پر ھوتا ھے جس سے پیداوار کا حصول غیریقینی ھو جاتا ھے ۔ لیکن فقہاء نے مضاربت اور مزارعت دونوں کو جائز قرار دیا ۔

بیمہ بیع سلم سے مماثلت رکھتا ھے ( بشرطیکہ بیمہ کو معاھدہ معاوضہ تصور کیا جائے ) کیونکہ بیمہ میں اقساط بیمہ یا قسط بیمہ تو ادا ھو جاتی ھے ۔ رقم بیمہ ملتوی ھوتی ھے ۔ بیع سلم میں ثمن ادا ھو جاتا ھے مبیع کا سلم ملتوی ھوتا ھے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لاتبع ما لیس عندک کہنے کے باوجود معاھدہ سلم کو محض حاجت کی بنا پر جائز قرار دیا ۔

الغرض غرر ابتدائی طور پر کسی معاھدے کے بطلان کا باعث نہیں بنتا بلکہ نتیجے کے اعتبار سے ایسا ھوتا ھے ۔ چونکہ معاھدہ بیمہ کے نتیجے میں تسلیم و تسلم میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی اور محض غرر سے کوئی تنازع پیدا نہیں ھوتا اسلئے معاھدہ بیمہ پر غرر کا اطلاق نہیں ھوتا اور اگر اطلاق ھو تو اسے برداشت کیا جا سکتا ھے ۔

**تیسرا اعتراض : بیمہ میں سود کا عنصر پایا جاتا ھے ۔**

کہا جاتا ھے کہ معاھدہ بیمہ میں سود کا عنصر پایا جاتا ھے جس کی دو صورتیں ھیں ۔ دونوں صورتوں پر الگ الگ گفتگو کی جاتی ھے :۔

اولاً قسط بیمہ ( premium ) کے طور پر جو رقم وصول ھوتی ھے اسے سود پر لگایا جاتا ھے اور اس میں سے رقم بیمہ ادا کی جاتی ھے ۔ اعتراض کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ صورت درج ذیل وجوہات کی بنا پر درست نہیں ۔

( ا ) سود معاہدہ بیمہ کا جزو نہیں ہوتا ۔ معاہدہ بیمہ میں کوئی شرط یا اس کا کوئی رکن سود سے متعلق نہیں ہوتا ۔

( ب ) معاہدہ کی رو سے بیمہ کمپنی پر اس سلسلے میں کوئی پابندی عائد نہیں کی جاتی کہ وہ کس کاروبار میں رقم لگائے اور کس میں نہ لگائے یا فلاں جگہ سے منافع حاصل کرے یا نہ کرے ۔

( ج ) بیمہ دار کو جو رقوم دی جاتی ہیں ( ان کا ماخذ کوئی یا کچھ بھی ہو ) خود بیمہ دار کے لئے وہ جائز ہیں کیونکہ رقم بیمہ اقساط بیمہ کی رقوم کے منافع میں سے نہیں ملتی ( کہ اسے سود کہا جائے ) بلکہ تبرع کے طور پر ملتی ہے اسلئے اسے سود نہیں کہا جائے گا ۔ لیکن اگر اسے معاوضہ سمجھا جائے تو بھی معاوضہ میں اس طرح کی ادائیگی ( اس کے ماخذ سے قطع نظر ) جائز ہوتی ہے جیسے کوئی پیشہ ور فاحشہ عورت اپنا مکان بنوائے تو مستریوں اور مزدوروں کو جو معاوضہ دیا جائے گا وہ ان کے لئے جائز ہو گا ۔

( د ) اگر بیمہ کمپنی نفع و نقصان کی بنیاد پر روپیہ لگائے تو سود کا عنصر بیمہ کے انتہائی عمل میں واقع نہیں ہو گا ۔

لہذا اعتراض کی اس صورت میں نفس بیمہ اعتراض سے مبرا ہے ۔

ثانیاً ( اعتراض کی دوسری صورت میں ) بیمہ دار ادا شدہ اقساط سے زائد رقم حاصل کرتا ہے جو سود ہے ۔ یہ اعتراض بھی درست نہیں ۔

معاہدہ بیمہ میں قسط یا اقساط بیمہ ( premium ) کی رقم واپس نہیں ہوتی کیونکہ یہ رقم بیمہ کمپنی کو تعاون و تکافل کے طور پر دی جاتی ہے ۔ بیمہ دار کو تو وہ تحفظ یا امان واپس ہوتا ہے جو معاوضہ کے طور پر نہیں بلکہ ایک مشترکہ فنڈ میں سے تعاون و تکافل اور تبرع کے طور پر دیا جاتا ہے ۔ یہ تحفظ ان معنوں میں ہے کہ ایک مقررہ مدت کے اندر نقصان یا ضرر واقع ہوا تو اس کی تلافی کی جائے گی یا مقررہ رقم بیمہ ادا کی جائے گی ۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ تحفظ تو ملا لیکن نقصان واقع نہیں ہوا ۔ ایسی صورت میں اقساط کی رقم واپس کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ( بیمہ زندگی میں ایسی صورت میں بھی مقررہ رقم ملتی ہے ) لیکن اگر نقصان واقع ہوتا تو رقم ملتی ۔ یہ رقم تعاون و تکافل اور تبرع کے طور پر ملتی ہے نہ کہ قسط بیمہ کی واپسی کے طور پر ۔ بیمہ کمپنی اقساط کی رقوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



واپس کرنے کا کبھی وعدہ نہیں کرتی ۔ اگر یہ رقم اقساط کی رقم سے زائد ہو تو اس وجہ سے ہوتی ہے کہ بیمہ کی تعاونی تنظیم ( بیمہ کمپنی ) نے عرفاً دیگر تمام بیمہ داروں کی طرف سے نقصان کی تلافی کر دی ۔

بیمہ کو تعاون و تکافل کا عمل نہ سمجھیں تو بھی شرعاً بدلین کا بازاری قیمت کے لحاظ سے مساوی ہونا ضروری نہیں ۔

لہذا معاہدہ بیمہ میں سود کا عنصر شامل نہیں ۔

**چوتھا اعتراض : بیمہ ایمان اور توکل کے منافی ہے**

بیمہ کے معاھدہ میں اس امر کا وعدہ نہیں کیا جاتا کہ نقصان ، ضرر یا خطرہ واقع نہیں ہو گا ، مثلاً فلاں حادثہ نہیں ہو گا یا فلاں شخص کی موت واقع نہیں ہو گی یا فلاں مکان کو آگ نہیں لگے گی ، بلکہ وعدہ یہ کیا جاتا ہے کہ اگر نقصان واقع ہوا تو اس کی تلافی کی جائے گی یا حادثہ ہوا تو مقررہ رقم دی جائے گی یا موت واقع ہوئی تو مقررہ رقم کی صورت میں مرنے والے کے کسب سے آمدنی کی محرومی کے نقصان کی تلافی کی جائے گی وغیرہ ۔

تقدیر الہی پر ایمان مستقبل کی پیش بندی یا منصوبہ بندی کی ممانعت نہیں کرتا ۔ رزق کے لئے سعی اور بیماری میں علاج کے لئے کوشش اور اسباب کی فراہمی کسی طور بھی ایمان اور توکل کے منافی نہیں ۔ بیمہ کا عمل سعی رزق اور تداوی امراض کے قبیل سے ہے ۔

لہذا بیمہ ایمان بالتقدیر اور توکل بالرضا کے منافی نہیں بلکہ ان میں ممد و معاون ہے ۔

**پانچواں اعتراض : بیمہ بیع الدین بالدین ہے**

بیمہ پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ معاھدہ بیمہ کے وقت اقساط بیمہ اور رقم بیمہ دونوں ادا نہیں کی جاتیں بلکہ بعد میں ادا کی جاتی ہیں اسلئے بیمہ کی حیثیت بیع الدین بالدین ہے ، جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے ۔

یہ اعتراض بیمہ کے عمل سے ناواقفیت کی بنا پر کیا جاتا ہے ۔ بیمہ زندگی میں پہلی قسط معاھدہ کے ساتھ ہی ادا ہو جاتی ہے اور بالکل اسی وقت تنظیم بیمہ ( بیمہ کمپنی ) کی طرف سے تحفظ فراہم ہو جاتا ہے ۔ یہ تحفظ اگلی قسط کی ادائیگی تک چلتا ہے ۔ اگر اگلی قسط کی ادائیگی نہ ہو تو معاھدہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیمہ ختم ہو جاتا ہے اور اگر ادا ہو جائے تو گویا معاہدہ کی تجدید ہو گئی۔ اس طرح کوئی چیز ادھار نہیں ہوتی۔ اجتماعی بیمہ کی بھی یہی صورت ہے۔

بیمہ کی باقی تمام اقسام میں معاہدہ کے وقت ہی قسط ادا کر دی جاتی ہے جو عموماً ایک ہی ہوتی ہے۔ قسط کی ادائیگی کے ساتھ ہی تحفظ فراہم ہو جاتا ہے اور کوئی چیز ادھار نہیں ہوتی۔

لہذا بیمہ پر بیع الدین بالدین کا اعتراض درست نہیں۔

**چھٹا اعتراض : معاہدہ بیمہ میں عدم رضا۔**

معاہدہ بیمہ کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ معاہدہ بیمہ کمپنی کی پیش کردہ شرائط کے مطابق انجام پاتا ہے اور بیمہ دار کو مجبوراً یہ شرائط تسلیم کرنا پڑتی ہیں۔ اصل صورت یہ ہے کہ تنظیم بیمہ یعنی بیمہ کمپنی ایک عظیم ہیئت اجتماعی کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے نظم و نسق اور تعاون و تکافل کا نظام کامیابی اور ہموار طریقے سے چلانے کے لئے کچھ قواعد و ضوابط بنائے جاتے ہیں۔ کسی ایک شخص کے لئے ان قواعد و ضوابط میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی بلکہ انفرادی مفاد کے بجائے اجتماعی مفاد کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ البتہ کسی شخص کو مجبور نہیں کیا جاتا کہ وہ لازماً بیمہ کی اس تنظیم میں شامل ہو۔ اگر کوئی شخص اپنی آزاد مرضی سے اس تنظیم کے قواعد و ضوابط پر عمل کرنے پر آمادہ ہو کر اس کے فوائد سے مستفید ہونا چاہے تو اسے ان قواعد و ضوابط کے بارے میں عدم رضا کا نام نہیں دیا جا سکتا۔ ہر شعبہ زندگی میں کچھ امور متعارضہ اور کچھ امور زیر رواج قابل پابندی ہوتے ہیں ۔۔ ان کی لازماً پابندی کو عدم رضا نہیں کہا جائے گا۔ یہاں تک کہ جو شخص اسلام لائے اسے شرع اسلام کی تمام پابندیوں پر عمل کرنا ہو گا۔ اس کے باوجود یہ کہنا درست ہے کہ دین میں اکراہ نہیں۔

یہ کہنا بھی درست نہیں کہ معاہدہ بیمہ میں بعض امور کا علم فریقین کو نہیں ہوتا اور یہ عدم علم عدم رضاء پر منتج ہوتا ہے ، اسلئے کہ بیمہ میں معاہدہ کے وقت جن امور کے علم کی ضرورت ہوتی ہے وہ فریقین کے علم میں ہوتے ہیں جیسا کہ غرر کی بحث میں ذکر کیا جا چکا ہے۔

بعض دفعہ حکومت اجتماعی بیمہ کو لازم قرار دے دیتی ہے۔ ایسا اس وقت کیا جاتا ہے جب حکومت اجتماعی مفاد کے لئے ضروری خیال کرے۔ ایسی صورت میں حکومت یا تو بیمہ کا کام خود سنبھال لیتی ہے یا اس کی براہ

© rasailojaraid.com